P-446

Roll No. of the Student						

Serial No. Of the Answer Book: ______

Paper Code

مطالعہ پاکستان پارٹ-II

HSSC-12th-Swat-2026

وقت: 15 منٹ   نمبر: 10

ہدایات:

(1) حصہ (الف) کے تمام اجزا حل کریں۔ ہر سوال کیساتھ چار جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دیئے گئے طریقے سے OMR شیٹ میں مکمل سیاہ کرنا ہے۔ ●

(2) دائروں کو (شیڈ) بھرنے کیلئے نیلے یا کالے پن کا استعمال کریں۔ (3) جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

حصہ الف

I. i. جنوبی ایشیاء کے ساتھ عربوں کے تعلقات تھے:

Ⓐ سیاسی نوعیت کے   Ⓑ فوجی نوعیت کے   Ⓒ تعلیمی نوعیت کے   ● تجارتی نوعیت کے

ii. ریڈ کلف ایوارڈ کی وجہ سے مسئلہ پیدا ہوا:

● نہری پانی کا   Ⓑ فوجی بغاوت کا   Ⓒ تجارت کا   Ⓓ اقتصادی بحران کا

iii. شوالک اور پیر پنجال پہاڑی سلسلے کا حصہ ہیں:

Ⓐ کوہ قراقرم کے پہاڑی سلسلے کا   ● کوہ ہمالیہ کے پہاڑی سلسلے کا   Ⓒ کوہ ہندوکش کے پہاڑی سلسلے کا   Ⓓ کوہ سفید کے پہاڑی سلسلے کا

iv. 1973ء کے آئین میں مسلمان ہونا لازمی قرار دیا گیا:

Ⓐ صدر کا   Ⓑ وزیر اعظم کا   ● صدر اور وزیر اعظم دونوں کا   Ⓓ سینٹ کے چئیرمین کا

v. صوبائی حکومت کا انتظامی سربراہ ہوتا ہے:

Ⓐ وزیر اعلیٰ   ● گورنر   Ⓒ اسپیکر صوبائی اسمبلی   Ⓓ چیف سیکرٹری

vi. مقامی حکومتوں کے ایکٹ 2013ء کے مطابق شہری علاقوں میں اس نظام کی بنیاد ہے:

Ⓐ یونین کونسل   Ⓑ ویلج کونسل   ● محلہ کونسل   Ⓓ ضلع کونسل

vii. پروفیسر آرنلڈ ٹائن بی کی شہرہ آفاق تصنیف کا نام ہے:

Ⓐ دی ویلتھ آف نیشنز   Ⓑ دی کلیش آف سولائزیشنز   Ⓒ اے سٹڈی آف ہسٹری   Ⓓ دی ڈکلائن آف دی ویسٹ

viii. پاکستان میں بڑے صنعتی اور ترقیاتی منصوبے مکمل نہ ہونے کی ایک بڑی وجہ ہے:

Ⓐ موسمی حالات   ● سرمائے کی قلت   Ⓒ افرادی قوت کی کمی   Ⓓ عالمی منڈی کی مشکلات

ix. پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والے نہری پانی کے معاہدے کا نام ہے:

● سندھ طاس معاہدہ   Ⓑ شملہ معاہدہ   Ⓒ معاہدہ تاشقند   Ⓓ لاہور معاہدہ

x. پشتو زبان کی ابتداء کہاں سے ہوئی؟

Ⓐ پشاور   Ⓑ بلوچستان   ● افغانستان   Ⓓ تاشقند

tayarri.com

122601 P-447

مطالعۂ پاکستان پارٹ-II

HSSC-12th-Swat-2026

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت ایک گھنٹہ اور 45 منٹ ہیں۔

حصہ "ب"

II. مندرجہ ذیل میں سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔ نمبر: 24

i. تقسیم ہند کے وقت بنگال حد بندی کمیشن میں شامل دو پاکستانی اور دو بھارتی ججوں کے نام تحریر کریں۔ ریڈکلف کیا اختیار رکھتا تھا اور اس کا پاکستان کو کیا نقصان ہوا؟

ii. آب و ہوا کے لحاظ سے پاکستان کے شدید آب و ہوا کے شمالی میدانی خطہ کی چار اہم خصوصیات بیان کریں۔

iii. نقشے کا پیمانہ کسے کہتے ہیں؟ ہر نقشے پر پیمانہ کا اظہار کیوں کیا جاتا ہے؟ نیز پیمانے کے اظہار کے دو طریقے بیان کریں۔

iv. 1973 کے آئین کے مطابق صدر پاکستان کی اہلیت کی دو شرائط تحریر کریں۔ نیز صدر پاکستان کے دو خصوصی اختیارات کی وضاحت کریں۔

v. حضرت عمر فاروق ؓ اپنے عمال کی تقرری سے قبل ان سے کون کون سے عہد لیا کرتے تھے؟ چار نکات بیان کریں۔

vi. پاکستانی ثقافت کی مشترکہ خصوصیات میں مذہبی یک جہتی اور مخلوط ثقافت پر دو دو نکات تحریر کریں۔

vii. پاکستان میں قومی یک جہتی کے مسائل میں جمہوری اداروں کا کمزور ہونے اور ملکی آئین کے احترام نہ ہونے پر دو دو جملے قلمبند کریں۔

viii. پاکستان کی خارجہ پالیسی کس کے مفادات کو مدنظر رکھ کر بنائی گئی ہے؟ نیز پاکستان کی خارجہ پالیسی کے تین بنیادی اصول تحریر کریں۔

حصہ "ج"

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے دو سوالات کے مفصل جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔ نمبر: 16

III. لارڈ ماؤنٹ بیٹن کس کی جگہ وائسرائے ہند بنے؟ تقسیم ہند کے منصوبے کے سات اہم نکات کی وضاحت کریں۔

IV. صنعتی ترقی کے لیے ضروری معدنیات میں سے دو اہم معدنیات کے نام لکھیں۔ پاکستان کو درپیش سات صنعتی مسائل کی تفصیل بیان کریں۔

V. قیام پاکستان کے وقت پاکستان کی آبادی تقریباً کتنی تھی؟ پاکستان میں ماحولیاتی آلودگی بڑھانے والے سات عوامل کی وضاحت کریں۔